عبدالستار ایدھی کی چوتھی برسی منائی گئی

کراچی(صباح نیوز) عبدالستار ایدھی کی چوتھی برسی منائی گئی انسانیت کے لیے اپنی زندگی وقف کرنے والے مشہور سماجی کارکن عبدالستار ایدھی کو ہم سے بچھڑے چار سال بیت گئے ۔عبدالستار ایدھی 28 فروری 1928 میں بھارت کی ریاست گجرات کے شہر بانٹوا میں پیدا ہوئے اور تقسیم ہند کے بعد 1947 میں اپنے خاندان کے ہمراہ پاکستان آکر کراچی میں سکونت اختیار کی۔ انہوں نے اپنی خدمات کا آغاز 1951 میں ایک ڈسپنسری قائم کرکے کیا اور صرف 5000 روپے کے ساتھ اپنا پہلا فلاح و بہبود مرکز قائم کیا اور پھر ایدھی ٹرسٹ قائم کیا۔ وہ گردوں کے عارضے میں مبتلا تھے اور علالت کے باعث 8 جولائی 2016 کو خالق حقیقی سے جا ملے ،حکومت پاکستان نے انہیں بعد از مرگ نشانِ امتیاز سے بھی نوازا اور سٹیٹ بینک نے 50 روپے مالیت کا سکہ بھی جاری کیا۔